# منتقلیاں

*ایک منتقلی ایک ہی امیدوار کی جانب سے مجاز کردہ دو کمیٹیوں کے مابین فنڈز کا تبادلہ ہے۔ اندر منتقلی کا مطلب ایک کمیٹی کی جانب سے فنڈز وصول ہونا اور باہر منتقلی کا مطلب دوسری (جسے منتقل کرنے والی کمیٹی کہا جاتا ہے) کی جانب سے فنڈز فراہم کیے جانا ہے۔*

عمومی ترین منتقلی مختلف انتخابات میں ایک ہی امیدوار کی حمایت کرنے والی کمیٹیوں کے درمیان ہوتی ہے، جسے ایک **ٹائپ 2b** منتقلی کہا جاتا ہے۔

منتقلی کی رقم پر کوئی حد نہیں ہے؛ تاہم، منتقل کی جانے والی رقوم تعاون فنڈز کے ساتھ میچ نہیں کی جا سکتیں۔

تمام منتقلیوں کے لیے، آپ کو فنڈز بذریعہ چیک، وائر یا ACH منتقل کرنے ہوں گے۔ منتقلی سے متعلقہ تمام دستاویزات برقرار رکھنا یقینی بنائیں، مثلاً منسوخ شدہ چیک، آن لائن ٹرانزیکشن کا ریکارڈ (یعنی وائر یا ACH)، ڈیپازٹ سلپ اور دونوں کمیٹیوں کی بینک اسٹیٹمنٹس۔

CFB سے رجسٹر شدہ دو کمیٹیوں کے درمیان منتقلیوں کے لیے، آپ کو ہر منتقلی ظاہر کرنی ہو گی اور منتقلی ہونے کے بعد اگلی انکشافی اسٹیٹمنٹ میں تمام مطلوبہ دستاویزات جمع کروانی ہوں گی۔ **آپ کے لیے ذیل میں مراحل 1-4 انجام دینا ضروری نہیں ہے۔**

اگر منتقل کرنے والی کمیٹی ایک غیر-CFB کمیٹی ہے، تو آپ کو لازمی طور پر

1. **ان کے بنیادی تعاون کو ماخذ سے جوڑنا ہو گا۔**

☐ **منتقل کرنے والی کمیٹی کی جانب سے سابقہ طور پر وصول کردہ تمام مالی تعاون کی فہرست بنانی ہو گی۔**

اگر منتقل کرنے والی کمیٹی نے نیو یارک ریاست کے انتخابات بورڈ (Board of Elections) یا فیڈرل الیکشن کمیشن کو انکشافی اسٹیٹمنٹس جمع کروائیں، تو آپ ان کی ویب سائٹس سے انکشافی رپورٹس حاصل کر سکتے ہیں۔

☐ **وقت کی الٹی ترتیب ("آخر میں اندر–پہلے باہر") کے ساتھ نشاندہی کریں کہ منتقل کرنے والی کمیٹی کو منتقلی کی رقم کے برابر بننے والے کون سے تعاون موصول ہوئے تھے۔**

وصول کنندہ کمیٹی کے لیے تعاون اور کاروبار میں مشغول افراد کی جانب سے تعاون پر لاگو شدہ حدود سے زیادہ یا ممنوعہ ذرائع سے وصول کیے جانے والے جمع شدہ تعاون منتقل نہیں کیے جا سکتے۔ ایک منتقل کردہ تعاون پر کاروبار میں مشغول افراد پر حد کا اطلاق ہوتا ہے، اگر عطیے کرنے کے وقت پر عطیہ کار Doing Business Database (کاروبار میں مشغول ڈیٹابیس) میں درج تھا۔ اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے اپنے امیدوار سروسز لائیزان سے رابطہ کریں کہ آیا ایک تعاون کار عطیے کے وقت پر Doing Business Database (کاروبار میں مشغول ڈیٹابیس) میں درج تھا یا نہیں۔ ممنوعہ ذرائع کے متعلق مزید معلومات کے لیے ہینڈ بک کے باب 2 کو ملاحظہ کریں۔ ان تعاون کی کل رقم کو منتقل کرنے والی کمیٹی کے بینک اکاؤنٹ میں رہنا چاہیے اور قابل منتقلی نہیں ہیں۔

اگر آپ پروگرام کے شرکت کنندہ ہیں یا بننا چاہتے ہیں، تو آپ کی مہم کو قابل ادا عوامی فنڈز کی کل رقم میں منتقلی کی کل رقم کی کمی کر دی جائے گی، بمطابق قاعدہ 7-07(a)۔

2. ہر اس شخص سے **منتقلی کی اجازت کا کارڈ حاصل کریں، جس کا تعاون منتقل کیا جا رہا ہو۔ *صرف اس صورت میں درکار ہے، اگر منتقل کرنے والی کمیٹی ایک CFB کمیٹی نہ ہو اور آپ مہم فائنانس پروگرام میں شرکت کرنے کی توقع رکھتے ہوں یا پہلے سے اس میں سند حاصل کر چکے ہوں۔***

منتقلی کی اجازت کے کارڈز فنڈز کی منتقلی سے پہلے تمام عطیہ کاروں سے حاصل کیے جانے چاہیں۔ منتقلی کی اجازت کے کارڈ پر، دستخط کی لائن اور تاریخ سے بالکل پہلے درج ذیل تصدیقی بیان نظر آنا چاہیے:

*میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ یہ تعاون امیدوار کی جانب سے اس انتخاب کے علاوہ کسی انتخاب کے لیے استعمال کیا جائے گا، جس کے لیے یہ تعاون شروع میں دیا گیا تھا۔ میں یہ بھی سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ ریاستی قانون کی شرط کے مطابق میرا تعاون میرے اپنے نام اور رقم سے دیا جانا چاہیے۔ میں بذریعہ ہٰذا اس بات کی تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ مجھے اس تعاون کے عوض کوئی رقم واپس ادا نہیں کی جائے گی اور میرے بہترین علم کے مطابق دیگر کسی شخص کو بھی کوئی باز ادائیگی نہیں ملے گی؛ یہ کہ یہ تعاون قرض کے طور پر نہیں دیا جا رہا ہے؛ اور یہ کہ یہ میری اپنی جیب یا میرے ذاتی اکاؤنٹ سے دیا جا رہا ہے، جس کا کوئی کارپوریٹ یا کاروباری مفاد وابستہ نہیں ہے۔*

3. **فنڈز کو بذریعہ چیک، وائر ٹرانسفر یا ACH منتقل کرنا اور تمام دستاویزات برقرار رکھنا یاد رکھیں۔**

وہ لازمی دستاویزات، جو مہم کو برقرار رکھنی ہوں گی، ان میں شامل ہیں:

- ☐ منسوخ شدہ چیکس؛
- ☐ آن لائن ٹرانزیکشن (یعنی وائر یا ACH) کا ریکارڈ)؛
- ☐ ڈیپازٹ سلپ؛
- ☐ دونوں کمیٹیوں کی بینک اسٹیٹمنٹس۔

4. **متعلقہ اخراجات کی اطلاع دیں۔**

وصول کنندہ کمیٹی کو انتخاب کے موجودہ طور پر کے دوران منتقل کرنے والی کمیٹی کو پیش آنے والے تمام اخراجات اور فنڈ ریزنگ کے تمام اخراجات، اس بات سے قطع نظر کہ وہ کب پیش آئے، کی اطلاع دینی ہو گی۔ انتخاب کے موجودہ دور میں پیش آنے والے ایسے اخراجات اور منتقل کردہ تعاون جمع کرنے سے متعلقہ فنڈ ریزنگ اخراجات منتقلی کے وقت پر لاگو خرچے کی حد میں شمار ہو گی (یعنی باہر جانے کا سال، پرائمری یا عام انتخاب کی حد)۔

ذیل میں بیان کردہ دو طریقوں میں سے ایک کے ذریعے انتظامی اور فنڈ ریزنگ اخراجات کا حساب لگائیں:

**انتخاب 1:** منتقل کردہ کل رقم پر ایک 15% "فلیٹ ٹیکس" کا اطلاق کر کے انتظامات کرنے اور منتقل کردہ تعاون کو جمع کرنےکی تخمینہ شدہ خرچ کی اطلاع دیں۔

منتقلی کردہ رقم x 0.15 = تخمینہ شدہ خرچ

کل منتقل کردہ رقم پر 15% کے فلیٹ ریٹ کا اطلاق کر کے تخمینہ شدہ خرچ کی اطلاع دینا سادہ ترین طریقہ ہے۔ یہ ایسی مہمات کے لیے اچھا انتخاب ہے جو: (1) بہت عرصہ پہلے یا بہت لمبے عرصے میں جمع کردہ فنڈز منتقل کر رہے ہوں، (2) فنڈ جمع کرنے کی کئی اور پیچیدہ اقسام استعمال کرتی رہیں یا (3) اپنے انتظامی یا فنڈ جمع کرنے کے اخراجات کی بنیاد فراہم کرنے کے لیے دستاویزات فراہم نہیں کر سکتیں۔

**انتخاب 2:** انتخاب کے موجودہ طور کے دوران منتقل کردہ تعاون کا انتظام اور انہیں جمع کرنے اور منتقل کردہ تعاون کو جمع کرنے کے **اصل خرچ** کی اطلاع دیں۔

منتقل کردہ تعاون سے متعلقہ تمام اخراجات کی کل لاگت کی تفصیل لکھیں اور کیے گئے اخراجات کی بنیاد فراہم کرنے کے لیے دستاویزات فراہم کریں۔ حقیقی خرچ کی اطلاع دینا اس وقت موزوں ہوتا ہے، جب منتقل کرنے والی کمیٹی کو عین علم ہو کہ انہوں نے منتقل کردہ تعاون کو منتظم اور جمع کرنے پر کتنا خرچ کیا، مثلاً جب تمام منتقل کردہ تعاون ایک ہی فنڈ ریزنگ تقریب یا گزارش کے ذریعے حاصل کیے گئے تھے اور دستاویزات فراہم کر سکیں (مثلاً انوائسز اور رسیدیں)۔

جب آپ منتقل کرنے والی کمیٹی کے اخراجات کی اطلاع دیتے ہیں، تو آپ کو لازمی طور پر یہ چیزیں بھی جمع کروانی ہوں گی:

- ☐ منتقل کرنے والی کمیٹی کی سابقہ طور پر نیو یارک اسٹیٹ یا سٹی انتخابات بورڈز (Boards of Elections) یا فیڈرل الیکشن کمیشن کو جمع کردہ انکشافی اسٹیٹمنٹس کی نقول.
- ☐ انتخابات کے موجودہ طور پر پیش آنے والے اخراجات کا احاطہ کرنے والی تمام بینک اسٹیٹمنٹس

تمام انکشافات اور دستاویز بندی منتقل کردہ تعاون موصول کرنے والی کمیٹی کی جانب سے کی جانی چاہیے

## منتقلیوں کی دیگر اقسام

آپ کی مہم اور ایک تشکیل کردہ پارٹی کمیٹی، مثلاً مقامی یا قومی سیاسی پارٹی، کے درمیان فنڈز کی منتقلی کو **ٹائپ 1** منتقلیاں کہا جاتا ہے۔ آپ کی مہم کو تشکیل کردہ پارٹی کمیٹیوں کی جانب سے آنے والی منتقلیوں پر تعاون کی حد لاگو ہوتی ہے۔ اگر آپ پروگرام کے شرکت کنندہ ہیں، تو آپ کی مہم کی جانب سے کی جانے والی اندر منتقلیاں منتقلی کے وقت پر لاگو خرچ کی حد میں شمار ہوں گی (یعنی باہر جانے کا سال، پرائمری یا عام انتخاب کی حد) اور اس کے نتیجے میں ان عوامی فنڈز کی مقدار کم ہو سکتی ہے، جو آپ وصول کرنے کے اہل ہیں۔ عوامی فنڈز کی کٹوتیوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے ہینڈ بک کے باب 6 کو ملاحظہ کریں۔

ایک ہی انتخاب میں امیدوار کی حمایت کرنے والی دو کمیٹیوں کے مابین فنڈز کی منتقلیوں کو **ٹائپ 2a** منتقلیاں کہا جاتا ہے۔ پروگرام کے شرکت کنندگان انتخاب کے موجودہ دور کے لیے صرف ایک فعال کمیٹی رکھ سکتے ہیں، لہذا وہ اس قسم کی منتقلی نہیں کر سکتے۔

## C-SMART رپورٹنگ

آپ کو ہر منتقلی ظاہر کرنی ہو گی اور منتقلی ہونے کے بعد اگلی انکشافی اسٹیٹمنٹ میں تمام مطلوبہ دستاویزات جمع کروانی ہوں گی۔ منتقلیوں کو C-SMART میں درج کرنے میں مزید معاونت کے لیے، براہ کرم C-SMART Help (C-SMART ہیلپ) میں Committee Transfers In (کمیٹی کی اندر کی جانب منتقلیاں) اور Committee Transfers Out (کمیٹی کی باہر کی جانب منتقلیاں) ملاحظہ کریں۔

## قانون اور قواعد میں

منتقلیاں: NYS انتخاب کا قانون §14-100(10)، §14-102؛ مہم فائنانس ایکٹ §3-702(9)، §3-703(14)؛ & CFB قواعد 1-02، 1-07، 1-08(o)، 3-03(c)(2)، 4-01(b)(8)۔

عوامی سرمایہ میں کمیاں: مہم فائنانس ایکٹ §3-705(8) اور CFB قاعدہ 5-01(n)۔

11/22/2022